© rasailojaraid.com



تعارف و تبصرہ — مدیر کے قلم سے

# تذکرۂ مجاہدینِ ختمِ نبوّت

مولانا اللہ وسایا تحریکِ ختمِ نبوت کے سرگرم راہ نما اور عالمی مجلسِ تحفظِ ختمِ نبوت کے ذمہ دار بزرگ ہیں انہوں نے امت مسلمہ میں عقیدہ ختمِ نبوت کے تحفظ کے لیے جدوجہد کرنے والے مجاہدین کے احوال و خدمات کا مجموعہ مرتب کیا ہے اس میں حضرات صحابہ کرام رض سے لے کر اب تک اس محاذ پر خدمات سرانجام دینے والے چیدہ چیدہ بزرگ شامل ہیں اور ان کے حوالہ سے تحریکِ ختمِ نبوت کے مختلف ادوار کی ایک جھلک بھی سامنے آگئی ہے یہ مجموعہ معلومات کا ایک اچھا خاصا ذخیرہ ہے جو کافی محنت کے ساتھ جمع کیا گیا ہے۔ لیکن مولانا موصوف اپنی گوناگوں مصروفیات کے باعث ترتیب کی طرف زیادہ توجہ نہیں دے سکے ورنہ اس کی افادیت دوچند ہو جاتی، چار سو صفحات پر مشتمل یہ تذکرہ معیاری کتابت و طباعت اور مضبوط جلد سے آراستہ ہے اس کی قیمت چالیس روپے ہے اور دفتر عالمی مجلسِ تحفظِ ختم نبوت حضوری باغ روڈ ملتان سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

## اسلام اور مسلمانوں کیخلاف یورپی سازشیں

اسلام اور ملت اسلامیہ کے خلاف یورپی اقوام کی معاندانہ ذہنیت ایک تاریخی حقیقت ہے صلیبی جنگوں کے بعد عناد و نفرت کے یہ جذبات سازشوں کی شکل میں مسلمانوں کے خلاف مسلسل مصروفِ کار رہیں اور آج بھی مسلمانوں کے بارے میں امریکہ اور یورپ کا طرزِ عمل کسی سے مخفی نہیں ہے۔ علامہ جلال العالم نے زیر نظر کتاب میں مسلمانوں کے خلاف یورپی اقوام کے سازشی کردار کو بے نقاب کیا ہے جسے جناب قاضی ابوسلمان محمد کفایت اللہ صاحب نے اردو کے قالب میں ڈھالا ہے اور ادارہ ندائے فرقان لاہور نے اسے شائع کیا ہے پونے دو سو صفحات پر مشتمل یہ معلوماتی کتابچہ مکتبہ تعمیر انسانیت اردو بازار لاہور سے حاصل کیا جا سکتا ہے اور اس کی قیمت چون (۵۴) روپے ہے۔

© rasailojaraid.com